پریس ریلیز

پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (پی ایس ڈی ایف) نے پنجاب میں سکلز ایکٹی ویشن مہم کا آغاز کر دیا

لاہور۔ 22 نومبر 2017ء

پنجاب کے نوجوانوں میں فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کی تعلیم اور مواقع کو متعارف کرنے کے لئے پنجاب سکلز ڈویلپمنٹ فنڈ (پی ایس ڈی ایف) نے سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ (ایس ای ڈی) کے تعاون سے ہائر سکینڈری سکولوں میں سکلز ایکٹی ویشن مہم کے پہلے مرحلہ کا کامیابی سے آغاز کیا ہے۔

مہم کی افتتاحی تقریب گورنمنٹ گرلز ہائر سکینڈری سکول علامہ اقبال ٹاؤن (عمر بلاک) لاہور میں منعقد ہوئی۔تقریب میں پنجاب کے وزیر تعلیم رانا مشہود احمد خان نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی اور فیتہ کاٹ کر مہم کا افتتاح کیا۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے صوبائی وزیر تعلیم رانا مشہود نے کہا کہ کامیاب قومیں فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کی تعلیم پر خصوصی توجہ اور اس کو اہمیت دیتی ہیں۔ وزیر اعلیٰ پنجاب محمد شہباز شریف ہمارے نوجوانوں کے لئے معیاری تعلیم کے حصول کے ساتھ ساتھ فنی و پیشہ ورانہ مہارتوں کے مواقع پیدا کرنے کے لئے پر عزم ہیں۔ میں وزیر اعلیٰ کے وژن اور مشن کو آگے بڑھانے پر پی ایس ڈی ایف کو مبارکباد دیتا ہوں۔

پہلے مرحلے کے دوران یہ مہم پنجاب کے پانچ اضلاع میں شروع کی جائے گی جن میں لاہور، گوجرانوالہ، سرگودھا، راولپنڈی اور ملتان کے 50 ہائر سکینڈری سکولز شامل ہیں۔اس مہم کا مقصد فنی و پیشہ ورانہ تربیت کے فائدوں اور بروقت رسمی و خود روزگار کے مواقع سے آگاہ کرنا ہے۔سکلز ایکٹی ویشن کیلئے مہم ہمارے نوجوانوں کے فنی تربیت سے مستفید ہونے کی جانب پہلا قدم ہے۔

چیف ایگزیکٹو آفیسر پی ایس ڈی ایف جواد خان نے طالب علموں کو اپنے خیالات سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ پی ایس ڈی ایف نہ صرف انہیں تربیتی مواقع فراہم کرے گا بلکہ ہم آپ سے مناسب روزگار یا خود روزگار کے مواقع میں تعاون کا وعدہ کرتے ہیں۔ پی ایس ڈی ایف اس سفر میں آپ کو تعاون فراہم کرے گا تاہم اپنے لئے بہترین راستے کا انتخاب آپ پر منحصر ہے کیونکہ آپ کی مہارت آپ کی طاقت ہو گی۔

پنجاب کے منتخب اضلاع کے 50 سکولوں میں اس سرگرمی کے انعقاد سے پی ایس ڈی ایف کو امید ہے کہ مزید طلباء فنی و پیشہ ورانہ تعلیم میں شریک ہوں گے اور پائیدار آمدن پیدا کرنے کے مواقع پر عمل پیرا ہوں گے۔

اس تعاون سے ایس ای ڈی اور پی ایس ڈی ایف پر امید ہیں کہ سکولوں میں ٹیکنیکل اینڈ ووکیشنل ایجوکیشن ٹریننگ (ٹی ویٹ) میں بہتری کے لئے ووکیشنل نصاب، ٹریننگ لرننگ ریسورسز، آسان مہارتوں کے ماڈیولز، اساتذہ کی تربیت اور نتیجہ خیز تحقیق میں تعاون کو فروغ دے کر مہارتوں کی ترقی کے شعبہ میں حصہ ڈالیں گے۔

OOO